18/06/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں...اعجازہ اختر

مفاہمت نامہ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اورایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے ایک چودہ نکاتی مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں جس سے دونوں ممالک میں امن کی ب□الی ، آبنائے ہرمز کو دوبارے کھولنے اور دونوں ملکوں کے درمیان پید ا شدہ دیگر مسائل پر بات چیت کیلئے 60روزہ عمل کا آغاز ہوگا۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے عالمی تجار ت میں آبنائے ہر مُز کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ سمندری راستوں کو عالمی تجارت کیلئے کھلا رکھا جانا چاہئے ۔

سربراہ اجلاس کے □اشیے پر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کے دوران انہوں نے بھارتی سمندری جہازوں G-7 کے عملے کی □فاظت پر زور دیتے ہوئے ایران اور امریکہ کے ما بین طے پائے امن معاہدے کو خیر مقدم کیا ۔انہوں نے اس معاہدے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے صدر ٹرمپ کی تعریف کیں۔

عمر بانڈی پورہ

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ □کومت جمونو کشمیر کے تمام خطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

کل بانڈی پورہ کا دورہ کر کے انہوننے ضلعے میں جا ری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی فلاح و بہبود کےلئے جا ری اقدامات کا جائزہ لیا۔

دورے کے دوران انہوننے100کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ایک کا افتتاح کیا۔ ان پروجیکٹوں کا تعلق سڑک رابطوں، طبی نگہداشت، تعلیم، پانی اور دیہی ترقی کے شعبوں سے ہے۔

ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

------Byte------

□ادثہ

پہلگام کے نزدیک آڈو سڑک پرکل ایک سڑک □ادثے میں2افراد جان ب□ق ہوئے ہیں۔

یہ □ادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک سوفٹ گاڑی سڑک سے لڑھک کر گہری کھائی میں جا گری جس کے نتیجے میں اس میں سوار 2افراد موقعے پر ہی جان ب□ق ہوئے۔

ایل جی تعزیت

ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پہلگام کے آرو علاقے مينپيش آئے سڑکحادثے ميں گہرے رنج و غم کا اظہار کيا ہے ۔ ايک سوشل ميڈيا پوسٹ ميں انہوننےحادثے ميں جاں بحق ہوئے افراد کے تئيں دکه کا اظہا رکرتے سوگور کنبوں کو تعزيت پيش کی ۔ انہوننے ضلع انتظاميہ کو ہدايت دی کہ وه حادثے سے متاثر ہوئے افرادکو ہر ممکن مدد فراہم کريں۔

عمر تعزيت

وزير ٰ اعلی عمر عبدالله نے پہلگام ميں پيش آئے المناک سڑکحادثے پر گہرے دکه کا اظہا رکيا ہے ۔ ايک سوشل ميڈيا پوسٹ ميں انہوں نے دو قيمتی جانوں کے چلنے جانے پر رنج و غم کا اظہار کيا ۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں کے تئيں اظہار تعزيت کی ہے اور زخميوں کيلئے صحت يابی کيلئے دعا کی ہے۔ انہوں نے ٰ اعلی حکام کو ہدايت دی کہ وه سوگوار کنبوں کو ہر ضروری امداد بہم کريں اور زخميوں کيلئے بہتر طبی ديکه بهال کو يقينی بنائيں ۔

چيف سيکريٹری

چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے سرينگر ميں کراپ انشورنس سے متعلق سٹيٹ ليول کارڈنيشن کميٹی کی ايک ميٹنگ کے دوران جمونو کشمير ميں عملائی جا رہی پردهان منتری فصل بيمہ يوجنا اور ديگر کراپ انشورنس سکيموں کی پيش رفت کا جائزه ليا ۔

انہوننے کهيت بچاؤ ابهيان کی موثر عمل آوری کو يقينی بنانے کےلئے کسانوں ميں زياده سے زياده بيداری پيدا کرنے کی ضرورت پر زور ديا ۔ انہوننے کہا کہ کراپ انشورنس کی طرف کسانوں کو راغب کيا جانا چاہئے۔

ميٹنگ ميں بتايا گيا کہ اب تک پردهان منتری فصل بيمہ يوجنا کے تحت12لاکه89ہزار کسانوں کو لايا گيا ہے
بهی داخل کی گئی ہيں ۔ Claims اور 53کروڑ 58 لاکه روپے کے

انشل گرگ

صوبائی کمشنر انشل گرگ نے 21 جون کو منائے جانے والے بين الاقوامی يوگا ڈے کے سلسلے ميں انتظامات کا جائزه ليا ہے ۔ ايک ٰ اعلی سطح کی جائزه ميٹنگ کے دوران انہوں نے ٰ اعلی افسران کو ہدايت دی کہ وه يوگا ڈے کے احسن انعقاد کيلئے ہر ممکن کوشش کو يقينی بنائيں ۔ واضح رہے بين الاقوامی يوگا ڈے 21 جون کو صبح کے چه سے 8بجے تک شير کشمير انٹر نيشنل کنوينشن سينٹر سرينگر ميں منعقد کياجائے گا ۔

ياترا انتظامات

جولائی سے شروع ہونے والی شری امر نا ته جی ياترا کے احسن انعقاد کےلئے سلامتی سميت تمام انتظامات کو حتمی 3 شکل دی جا رہی ہے ۔ ياترا کی سلامتی کےلئے ياترا کے دونوں راستوں پر کثير رخیحفاظتی انتظامات کئے جا رہے اور انتظاميہ ياتريوں کو ہر طرح کی سہوليات دستياب کرانے کےلئے لازمی اقدامات کررہی ہے ۔

جمونو کشمير حکومت نے ياترا کے مختلف امور کی نگرانی کرنے کےلئے مختلف محکموں سے تعلق رکهنے والے63 افسروں کو تعينات کيا ہے اور اس بات کو يقينی بنايا جا رہا ہے کہ اس سال کی ياترا کے دوران ياتريوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

درجہ□رارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ □رارت15اعشاریہ6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ25اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا□افظ